فوری ریلیز کے لیے: 2026/26/8 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے ™FIFA WORLD CUP 2026 سے علاقائی معیشت پر $3.5 بلین کے اثرات کا اعلان کیا

نیو یارک اور نیو جرسی بھر میں معاشی اثرات $3.3 بلین کے ابتدائی تخمینے سے تجاوز کر گئے، جس کی وجہ خرچ کی گئی $1.9 بلین کی براہ راست رقم ہے

ٹورنامنٹ سے مجموعی طور پر 27,000 سے زائد ملازمتوں کو معاونت ملی، محنت کشوں کی مجموعی آمدنی $1.4 بلین رہی اور پورے خطے میں مجموعی ریاستی اور مقامی ٹیکس ریونیو کی مد میں $414 ملین سے زائد حاصل ہوئے

حتمی مطالعہ کھیلوں کے بڑے عالمی ایونٹس کے لیے دنیا کے صفِ اول کے مقام کے طور پر نیو یارک اور نیو جرسی کی حیثیت کو اجاگر کرتا ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ ™FIFA World Cup 2026 سے نیو یارک اور نیو جرسی بھر میں مجموعی طور پر $3.5 بلین کے معاشی اثرات پیدا ہوئے جو اس خطے کے $3.3 بلین کے ابتدائی تخمینے سے تجاوز کر گئے۔ آکسفورڈ اکنامکس (Oxford Economics) کی ایک کمپنی ٹؤرازم اکنامکس (Tourism Economics) کی جانب سے تیار کردہ، "نیو یارک اور نیو جرسی کے خطے پر FIFA 2026 World Cup کے معاشی اور مالی اثرات" نامی رپورٹ دنیا کے سب سے بڑے کھیلوں کے ایونٹ کی میزبانی سے پیدا ہونے والی معاشی سرگرمیوں کے غیر معمولی پیمانے کو ظاہر کرتی ہے۔

"ہمارا مقصد دنیا کو نیو یارک میں خوش آمدید کہنا اور ساتھ ہی یہ یقینی بنانا تھا کہ نیو یارک کے ہر باشندے کو نسلوں میں ایک بار منعقد ہونے والے اس ایونٹ میں شرکت اور اس سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "اور ہم نے بالکل ایسا ہی کیا۔ مقامی کاروباری اداروں اور ریسٹورنٹس میں خرچ کی گئی رقم میں اضافے سے لے کر ہوٹلوں کی آمدنی بڑھنے تک، ورلڈ کپ نے ہماری ریاست پر دیرپا اثرات مرتب کیے ہیں۔ یہاں نیو یارک میں، ہم ریاست بھر میں اپنے بچوں کے کھیلنے کے لیے ساکر کا مزید بنیادی ڈھانچہ تعمیر کر کے اس بات کو مسلسل یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ نیو یارک کے باشندے ورلڈ کپ سے فائدہ اٹھاتے اور اس کی خوشیوں میں شریک ہوتے رہیں۔"

نیو یارک اور نیو جرسی میں ™FIFA World Cup 2026 سے متعلق سرگرمیوں کے نتیجے میں تقریباً $1.9 بلین کی رقم براہ راست خرچ کی گئی، مجموعی طور پر 27,424 کل وقتی اور جز وقتی ملازمتوں کو معاونت ملی، محنت کشوں کی مجموعی آمدنی تقریباً $1.4 بلین رہی اور مجموعی ریاستی اور مقامی ٹیکس ریونیو کی مد میں $414.2 ملین حاصل ہوئے۔

نیو یارک اور نیو جرسی نے نیو یارک نیو جرسی اسٹیڈیم میں ہونے والے آٹھ میچز، جن میں FIFA ورلڈ کپ فائنل بھی شامل تھا، نیز نیو جرسی نیو یارک سٹی کے پانچوں بوروز اور ریاست نیو یارک بھر میں منعقد ہونے والے مفت آفیشل فین ایونٹس اور دیگر متعلقہ پروگرامز کے لیے امریکہ اور دنیا بھر سے آنے والے زائرین کا خیرمقدم کیا، جس کے اثرات پورے خطے کی معیشت پر محسوس کیے گئے۔ 645,000 سے زائد شائقین نے خطے میں ورلڈ کپ کے

آٹھ میچز دیکھے جبکہ مزید 626,300 غیر مقامی زائرین ورلڈ کپ سے متعلق پروگرامز میں شرکت کے لیے نیو یارک یا نیو جرسی آئے، جن میں علاقائی سطح پر شائقین کے لیے منعقدہ سرگرمیاں بھی شامل تھیں۔ میچز دیکھنے والوں اور دیگر سرگرمیوں میں شرکت کرنے والوں نے مجموعی طور پر خطے کی معیشت میں تقریباً $1.7 بلین کی رقم براہ راست خرچ کی۔

ٹورنامنٹ کے انعقاد سے متعلق آپریشنل اخراجات مجموعی طور پر تقریباً $286 ملین رہے۔

ٹورنامنٹ کے یہ معاشی فوائد مختلف انڈسٹریز سے وابستہ کاروباری اداروں اور کارکنان تک پہنچے:

- قیام و رہائش: تقریباً $653 ملین کی رقم براہ راست خرچ کی گئی
- خوراک اور مشروبات: تقریباً $346 ملین کی رقم براہ راست خرچ کی گئی
- ریٹیل: تقریباً $264 ملین کی رقم براہ راست خرچ کی گئی
- ٹرانسپورٹیشن: تقریباً $200 ملین کی رقم براہ راست خرچ کی گئی
- تفریحی سرگرمیاں اور انٹرٹینمنٹ: تقریباً $195 ملین کی رقم براہ راست خرچ کی گئی

وزٹرز کی جانب سے براہ راست خرچ کی گئی رقم اور آپریشنل اخراجات کے علاوہ، یہ رقم علاقائی سپلائرز سے خریداری اور اُن کارکنان کے اخراجات کے ذریعے نیو یارک اور نیو جرسی بھر میں گردش کرتی رہی جن کی ملازمتوں اور آمدنی کو ٹورنامنٹ سے معاونت ملی۔ مجموعی طور پر، تقریباً $1.9 بلین کی براہ راست معاشی سرگرمی سے مزید $693 ملین کی بالواسطہ کاروباری سرگرمی اور $916 ملین کی نتیجتاً پیدا ہونے والی معاشی سرگرمی وجود میں آئی، جس سے ٹورنامنٹ کے مجموعی علاقائی معاشی اثرات تقریباً $3.5 بلین تک پہنچ گئے۔

میجر ایونٹس (Major Events) کے سینئر ڈائریکٹر Justin Brannan (جسٹن برینن) نے کہا، "لوئر ایسٹ سائڈ سے نیاگرا فالز تک، ورلڈ کپ نیو یارک کے لیے ایک واضح کامیابی ثابت ہوا۔ جب دنیا بھر کی نظریں ہم پر مرکوز تھیں، گورنر Hochul (ہوکل) نے ایک بار پھر اپنا وعدہ پورا کیا اور حکومت کی ہر سطح پر غیر معمولی ہم آہنگی کی بدولت ہم نے لاکھوں شائقین کا خیرمقدم کیا اور تاریخ کے سب سے بڑے کھیلوں کے ایونٹس میں سے ایک کی محفوظ طریقے سے، بلا رکاوٹ اور سب کی شمولیت کے ساتھ کامیاب میزبانی کی۔ یہ نسلوں میں ایک بار آنے والا موسمِ گرما تھا اور یہ رپورٹ ثابت کرتی ہے کہ بڑے ایونٹس میں دانشمندانہ سرمایہ کاریاں حقیقی ثمرات دیتی ہیں، جن سے ملازمتوں کو معاونت ملتی ہے، مقامی کمیونٹیز میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملتا ہے اور ریاست بھر میں معاشی فوائد پیدا ہوتے ہیں۔ نیو یارک نے صرف دنیا کی میزبانی ہی نہیں کی؛ ہم نے یہ بھی یقینی بنایا کہ نیو یارک کے باشندے اس سے فائدہ اٹھائیں اور دنیا کے سب سے بڑے ممکنہ اسٹیج پر واضح طور پر دکھا دیا کہ نیو یارک کیا کچھ بہترین انداز میں کر سکتا ہے۔"

FIFA World Cup 2026™ نیو یارک نیو جرسی میزبان کمیٹی کے CEO جناب Alex Lasry (ایلیکس لازری) نے کہا، "حتمی اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ نیو یارک اور نیو جرسی نے نہ صرف اس موقع کی ضرورتوں کو پورا کیا بلکہ توقعات سے بڑھ کر کارکردگی دکھائی اور ایسے اثرات مرتب کیے جو آخری سیٹی بجنے کے طویل عرصے بعد بھی محسوس کیے جاتے رہیں گے۔ اربوں ڈالر ہمارے ہوٹلز، ریسٹورنٹس، چھوٹے کاروباری اداروں اور کمیونٹیز میں گردش کرتے رہے، دسیوں ہزار ملازمتوں کو معاونت ملی اور پورے خطے کے لوگ دنیا کا خیرمقدم کرنے کے فوائد سے مستفید ہوئے۔ اتنی ہی اہم بات یہ ہے کہ یہ اثرات فائنل کے ساتھ ختم نہیں ہوئے۔ اس ورلڈ کپ کے ذریعے کی گئی سرمایہ کاریاں، قائم ہونے والی شراکت داریاں اور حاصل ہونے والی عالمی توجہ ہماری کمیونٹیز کو مسلسل فائدہ پہنچاتی رہیں گی اور انہوں نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ کھیلوں اور ثقافت کے اہم ترین مواقع کی میزبانی کے لیے دنیا میں نیو یارک اور نیو جرسی سے بہتر کوئی جگہ نہیں۔"

مطالعے سے معلوم ہوا کہ ٹورنامنٹ سے نیو یارک اور نیو جرسی بھر میں مجموعی طور پر 27,424 ملازمتوں کو معاونت ملی، جن میں ورلڈ کپ کے آپریشنل اخراجات اور زائرین کے اخراجات سے براہ راست معاونت حاصل کرنے والی تقریباً 18,000 ملازمتیں بھی شامل تھیں۔ روزگار پر سب سے زیادہ اثر خوراک اور مشروبات کے کاروباری اداروں میں دیکھنے میں آیا، جہاں مجموعی طور پر تقریباً 4,500 ملازمتوں کو معاونت ملی، اس کے بعد ذرائع آمد و

رفت کے شعبے میں تقریباً 4,400 اور قیام و رہائش کے شعبے میں تقریباً 4,000 ملازمتوں کو معاونت ملی۔ روزگار سے متعلق ان اثرات کے نتیجے میں پورے خطے کی معیشت میں محنت کشوں کی مجموعی آمدنی تقریباً 1.4$ بلین رہی، جس میں محنت کشوں کی تقریباً 792$ ملین کی براہ راست آمدنی اور بالواسطہ و نتیجتاً پیدا ہونے والی معاشی سرگرمیوں سے حاصل ہونے والے مزید 580$ ملین شامل تھے۔

ٹورنامنٹ سے عوامی شعبے کو بھی نمایاں فوائد حاصل ہوئے۔ خطے میں ورلڈ کپ سے متعلق سرگرمیوں سے وفاقی، ریاستی اور مقامی ٹیکس ریونیو کی مد میں مجموعی طور پر تقریباً 759$ ملین حاصل ہوئے، جن میں ریاستی اور مقامی حکومتوں کے لیے 414.2$ ملین شامل تھے۔ اس میں سیلز ٹیکس ریونیو کی مد میں مجموعی طور پر تقریباً 174$ ملین اور بیڈ ٹیکس ریونیو کی مد میں تقریباً 39$ ملین شامل تھے۔

ٹؤرازم اکنامکس نے نیو یارک نیو جرسی کے خطے پر FIFA World Cup 2026™ کے معاشی اثرات کی پیمائش کے لیے ایونٹ سے پہلے اور بعد کے تجزیے کیے۔

جولائی 2025 میں شائع ہونے والے ابتدائی تجزیے میں اندازہ لگایا گیا تھا کہ ٹورنامنٹ سے نیو یارک اور نیو جرسی بھر میں مجموعی طور پر 3.3$ بلین کی معاشی پیداوار حاصل ہوگی۔ ٹورنامنٹ کے اختتام کے بعد، ٹؤرازم اکنامکس نے اگست 2026 میں اسی طریقۂ کار کو استعمال کرتے ہوئے ایونٹ کے بعد کا تجزیہ کیا، جس میں ماڈل کے کلیدی ان پٹس کو ٹورنامنٹ کے حقیقی ڈیٹا کے مطابق اپ ڈیٹ کیا گیا۔ تجزیے سے معلوم ہوا کہ FIFA World Cup 2026™ سے پورے خطے میں مجموعی طور پر 3.5$ بلین کی معاشی پیداوار حاصل ہوئی، جو ابتدائی تخمینے سے تجاوز کر گئی۔

اس اضافے کی کئی وجوہات تھیں: FIFA World Cup 2026™ نیو یارک نیو جرسی میزبان کمیٹی، مقامی اور وفاقی حکومتوں اور دیگر متعلقہ فریقوں کے اندازے سے زیادہ آپریشنل اخراجات؛ آفیشل فین ایونٹس میں ابتدائی توقع سے زیادہ شرکت، اگرچہ مقامی شرکاء کے زیادہ تناسب نے اس کے اثرات کو جزوی طور پر کم کر دیا؛ اور میچز دیکھنے والے بین الاقوامی شائقین کا ابتدائی تخمینے سے زیادہ تناسب، اگرچہ میچز دیکھنے والے مقامی شائقین کے زیادہ تناسب نے اس کے اثرات کو بھی جزوی طور پر کم کر دیا۔

ریاست نیو یارک کے 500,000$ کے کمیونٹی ورلڈ کپ گرانٹ پروگرام (Community World Cup Grant Program) نے یہ امر یقینی بنایا کہ میچ دکھانے والے مقامی پروگراموں کی مدد و معاونت کر کے 2026 کے فیفا ورلڈ کپ کا جشن پوری ریاست نیو یارک میں منایا جائے۔ اس پروگرام کا مقصد یہ ہے کہ علاقائی اقتصادی سرگرمی میں اضافہ کیا جائے، مقامی کاروباروں کا دورہ کرنے والوں کی تعداد بڑھائی جائے، اور نیو یارک کے تمام باشندوں کو کھیل کے اس عالمی ایونٹ میں حصہ لینے کا محفوظ اور آسان موقع فراہم کیا جائے جو ایک نسل میں ایک ہی بار منعقد ہوتا ہے۔ نتیجتاً، بالائی ریاست کے سات خطوں میں 13 منصوبوں نے عالمی کپ کی تھیم پر مبنی درجنوں کمیونٹی ایونٹس منعقد کرنے کے لیے ریجنل ایکٹیویشن (Regional Activation) گرانٹس وصول کیں۔

سٹونی بروک یونیورسٹی میں 12 جون کو منعقد کیے جانے والے ریاست کے لانگ آئی لینڈ فلیگ شپ ایونٹ میں پورا دن تقریباً 6,000 شائقین شریک رہے، جبکہ شام کو امریکہ بمقابلہ پیراگوئے میچ دیکھنے کے لیے منعقد کردہ پارٹی میں تقریباً 5,000 شائقین موجود تھے۔ یہ ایونٹ مفت تھا اور اسکا انعقاد پورے خاندانوں کی شرکت کے لیے کیا گیا تھا، جبکہ اس میں میچ کی براہِ راست نشریات، تھرڈ آئی بلائنڈ (Third Eye Blind) کی جانب سے کنسرٹ، فیملی فین زون، فٹبال کے انٹرایکٹو تجربات، کھانے پینے کے اسٹال، اور ریاستی ایجنسیوں کی جانب سے عوامی نمائشیں شامل کی گئی تھیں۔ اسٹونی بروک کے ایونٹ میں یہ امر بھی یقینی بنایا گیا کہ باہمی شمولیت اور رسائی شروع سے ہی اس ایونٹ میں شامل ہوں، جن میں میچ دیکھنے کی قابل رسائی جگہیں، ADA سہولیات، اجتماعی منصوبہ بندی، اسپیشل اولمپکس نیو یارک (Special Olympics New York) کی شمولیت، اور ہر قسم کی صلاحیت و استعداد کے حامل شرکاء کے لیے فیملی پروگرامنگ شامل کی گئی تھی۔

19 جون کو منعقد کی جانے والی UBS ایرینا ورلڈ کپ واچ پارٹی دو میچ دیکھنے کے لیے 13,000 شائقین کو اپنی جانب کھینچ لائی، جس میں تقریباً 3,000 شائقین امریکہ بمقابلہ آسٹریلیا کا میچ اور 10,000 سے زیادہ شائقین ہیٹی

بمقابلہ برازیل کا میچ دیکھنے کے لیے آئے۔ اس کے نتیجے میں جوش و خروش سے بھرپور میچ دیکھنے کی ایک ایسی پارٹی منعقد ہوئی جس میں میچ کی براہ راست نشریات، شائقین کے لیے اندورنی اور بیرونی سرگرمیاں، ٹیم تجربات، کھانے اور مشروبات کی پیشکشیں، اور کمیونٹی اجتماع کے لیے کافی وسیع جگہ شامل تھی۔ اس پارٹی نے UBS ایرینا، اوک ویو گروپ، نیویارک میٹس، نیو یارک آئی لینڈرز، اور نیویارک سٹی فٹبال کلب کو ایک ایسی نایاب و منفرد تقریب میں باہم اکٹھا کر دیا تھا جس سے ورلڈ کپ کے فوائد کو میزبان مقام سے آگے تک وسعت دینے میں بہت مدد ملی۔

ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے کینسیکو ڈیم پلازہ میں منعقد ہونے والے مفت نیو یارک سٹیٹ یونائیٹڈ — 2026 ورلڈ کپ واچ تجربے نے نیو یارک کے 5,500 سے زائد باشندوں کا خیرمقدم کیا۔ 25 سے زائد شراکت داروں نے میچ شروع ہونے سے قبل خاندانوں کے لیے تفریحی اور دوستانہ سرگرمیوں کی میزبانی کی، جن میں ریاست نیو یارک کی ایجنسیاں، قانون نافذ کرنے والے مقامی ادارے، مقامی فٹبال ٹیمیں وغیرہ سبھی شامل تھے۔ مزید برآں، کھانے پینے کی اشیاء کے 18 مقامی دکانداروں نے بھی اس تقریب میں شرکت کی جس سے ورلڈ کپ کو میزبان شہروں سے کہیں آگے تک وسعت دینے اور پوری ریاست میں مقامی معیشتوں کو فروغ دینے والی نیو یارک کی کاوشوں کو مزید مہمیز ملی۔

فیفا ورلڈ کپ 2026 کا فائنل دیکھنے کے لیے سینٹرل پارک میں منعقد کی جانے والی مفت واچ پارٹی میں 30,000 سے زائد شائقین شریک ہوئے۔ اس واچ پارٹی نے ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development) کی جانب سے $9.5 ملین کی سرمایہ کاری اور نیو یارک سٹی کی جانب سے $3.5 ملین کی تخصیص کی بدولت شرکاء کو عالمی کپ کا فائنل دیکھنے اور باہم اکٹھا ہونے کے لیے مفت جگہ فراہم کی۔ اس ایونٹ کے آفیشل میڈیا پارٹنر iHeartRadio تھے۔ ملک کی مشہور و معروف آن ایئر شخصیات Charlamagne Tha God (شارلامین دا گاڈ) اور Elvis Duran (ایلوس ڈیوران) نے اس واچ پارٹی کی میزبانی کے فرائض انجام دیے، جبکہ اس تقریب میں لائیو تفریح جیسے فیچرز بھی تھے اور کھانے پینے کی اشیاء کے مقامی وینڈرز بھی شریک تھے۔

ٹورنامنٹ کے اثرات اس کے معاشی فوائد تک محدود نہیں ہیں۔ مالی سال 2027 کے بجٹ کے ایک جزو کے طور پر، گورنر Hochul (ہوکل) نے $5 ملین کے NY Kicks program: کا آغاز کیا تھا۔ ورلڈ کپ لیگیسی انویسٹمنٹ فنڈ (World Cup Legacy Investment Fund) نامی فنڈ کا مقصد ریاست کے ہر خطے کی غریب و پسماندہ کمیونٹیز میں فٹبال کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کر کے محلوں کو طاقتور بنانا اور عالمی کپ کے اختتام کے بعد بھی اس کھیل کی مشترکہ محبت کے ذریعے لوگوں کو باہم مجتمع اور یکجا رکھنا ہے۔ بجٹ میں NY Kicks کے وصول کنندگان کو آلات، تربیت اور دیگر آپریٹنگ اخراجات میں معاونت دینے کے لیے $1 ملین تک کی اضافی فنڈنگ بھی شامل ہے تاکہ ان نئی فیسلٹیز کا بھرپور استعمال ممکن بنایا جا سکے، جس میں یونیفارمز، شن گارڈز، ساکر بالز اور کوچز شامل ہیں۔

مجموعی طور پر، ٹورنامنٹ کی ریکارڈ معاشی کارکردگی اور کمیونٹیز میں دیرپا سرمایہ کاریاں نیو یارک اور نیو جرسی کی کھیلوں کے بڑے عالمی ایونٹس کے لیے دنیا کے صفِ اول کے مقام کی حیثیت کو مزید مستحکم کرتی ہیں، جہاں غیر معمولی پیمانے پر دنیا کا خیرمقدم کرنے اور خطے کو اپنا گھر کہنے والے لوگوں کو دیرپا فوائد فراہم کرنے کے لیے بنیادی ڈھانچہ، تجربہ اور بے مثال علاقائی وسائل موجود ہیں۔

نیو یارک اور نیو جرسی کے خطے پر FIFA World Cup 2026 کے معاشی اور مالی اثرات سے متعلق حتمی رپورٹ یہاں دستیاب ہے۔

###

ان سبسکرائب کریں

اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔